روزنامہ
1913ء سے جاری شدہ
FR-10
الفضل
The ALFAZL Daily
ٹیلی فون نمبر 047-6213029
web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
بدھ 16 مئی 2012ء 24 جمادی الثانی 1433 ہجری 16 ہجرت 1391 ہش جلد 62-97 نمبر 113

عالم قرآن کے مشورہ کی اہمیت

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں۔

کان القراء اصحاب مجلس عمر و مشاورته کھولا کانوا او شبانا

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی محفل اور مشاورت میں قرآن کریم کے عالم شامل ہوتے تھے خواہ وہ ادھیڑ عمر کے ہوتے تھے یا بالکل نوجوان۔

(بخاری کتاب الاعتصام، باب الاقتداء بسنن رسول اللہ ﷺ حدیث نمبر 6742)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

قرآن مجید کی خوبیوں کے بارہ میں حضور فرماتے ہیں۔

1۔ یہ کہ وہ بے مثل و مانند ہے۔

2۔ وہ جامع حکمت مع کمال ایجاز واختصار ہے۔

3۔ وہ لاکھوں آدمیوں کو حفظ ہے اور حفظ کرنا اس کا ہماری شرع میں فرض کفایہ ہے۔ اس واسطے کوئی زمانہ حفظ قرآن مجید سے خالی نہ ہوا۔ اول میں حضرت پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو حفظ تھا۔ پھر بعد اس کے حضرت علیؓ اور اکثر صحابہ کو حفظ تھا اسی طرح سلسلہ وار اس کے حفظ کا نمبر چلا آیا ہے یہاں تک کہ ہم تک پہنچا۔

4۔ چہارم یہ کتنا بڑا معجزہ ہے کہ کوئی صفحہ اس کا ذکر اللہ سے خالی نہیں دوسری کتاب میں ہرگز یہ خوبی نہیں یہ قرآن مجید کا معجزہ ہے۔ باوجود اس بات کے کہ قرآن مجید ایک قانون دیوانی وفوجداری ہے پھر بھی اس میں کوئی ایسا کلمہ نہیں کہ جس میں دو چار مرتبہ خدا کا نام نہیں ہے اول سے لے کر آخر تک اللہ ہی اللہ بھرا ہوا ہے اور ہر ایک کلمہ کا مرجع خدا ہے۔

5۔ پنجم خوبی قرآن مجید میں یہ ہے کہ جس قدر نام پروردگار کا قرآن مجید میں ہے کسی کتاب میں نہیں اور بقول من احب شیئًا اکثر ذکرہ اس کلام کا خدا سے علاقہ محبت ثابت ہوتا ہے اس واسطے اس تمام کلام میں اللہ ہی اللہ بھرا ہوا ہے۔ کسی عاقل پر پوشیدہ نہیں کہ بہت مرتبہ نام لینا اپنے پروردگار کا یہ بھی ایک بندگی ہے اور یہ بندگی صرف بطفیل قرآن مجید حاصل ہوئی ہے۔

6۔ ششم خوبی قرآن مجید میں یہ ہے کہ جس قدر ستائش اور تعریف خدا تعالیٰ کی بانواع محامد وبکثرت تکرار اس کتاب میں ہے دنیا میں اور کسی کتاب میں نہیں اور ظاہر ہے کہ خدا تعالیٰ کامل اور سب تعریفوں کا مالک اور اہل ہے اور بالذات اپنی تعریفوں کو چاہتا ہے اور اپنا عظمت وجلال ظاہر کرنا چاہتا ہے پس جس کتاب الٰہی میں بدرجہ غایت اس کے محامد مذکور ہیں وہی اس کی افضل کلام ہے اور اس امر پر اگر کوئی مقابلہ کرے تو ہم اشتہار دے سکتے ہیں کہ جس قدر ستائش اور بزرگی حضرت باری کی قرآن مجید میں مذکور ہے اور کسی کتاب میں مذکور نہیں۔

7۔ ہفتم۔ فرمایا اللہ تعالیٰ نے قل لئن .... اس آیت شریفہ سے یہ امر بھی متعلق ہے کہ تعلیم حقہ حکمت اور معانی میں کوئی انسانی تعلیم قرآن کا مقابلہ نہیں کر سکتی۔ ہم باوا صاحب سے سوال کرتے ہیں کہ اگر ان کو قرآن مجید سے انکار ہے تو اس مضمون کی مثل کوئی دوسرا مضمون وید سے نقل کر کے پیش کرو۔

(الحکم 30/ اپریل 1904ء)

مکرم ناصر احمد صاحب سابق محاسب وافسر پراویڈنٹ فنڈ وفات پاگئے

احباب جماعت کو افسوس کے ساتھ اطلاع دی جاتی ہے کہ دیرینہ خادم سلسلہ مکرم ناصر احمد صاحب ابن مکرم میاں چراغ دین صاحب سابق محاسب و افسر پراویڈنٹ فنڈ مورخہ 13 مئی 2012ء کو بعمر 74 سال طویل علالت کے بعد طاہر ہارٹ انسٹیٹیوٹ ربوہ میں بقضائے الٰہی وفات پاگئے۔ آپ 2008ء سے کمر کے مہرے میں تکلیف کی وجہ سے جسم کا نچلا حصہ مفلوج ہو جانے کے باعث صاحب فراش تھے اور آخر وقت میں پیشاب میں انفیکشن بھی بڑھ گئی تھی۔ اسی روز بعد نماز عصر بیت مبارک میں محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب ناظر اعلیٰ و امیر مقامی نے مرحوم کی نماز جنازہ پڑھائی۔ بوجہ موصی ہونے کے بہشتی مقبرہ ربوہ میں تدفین کے بعد محترم صاحبزادہ صاحب نے ہی دعا کروائی۔

مرحوم کے خاندان کا تعلق سیکھواں ضلع گورداسپور انڈیا سے ہے۔ مرحوم کے دادا حضرت میاں الٰہی بخش صاحب سیکھوانی رفیق حضرت مسیح موعود تھے جن کا ذکر جلسہ سالانہ 1892ء میں شاملین کی فہرست جو کہ حضرت مسیح موعود کی تصنیف ''آئینہ کمالات اسلام'' روحانی خزائن جلد 5 ص 624 پر درج ہے کے 204 نمبر پر ''میاں الٰہیا چوکیدار سیکھواں ضلع گورداسپورہ'' کے نام پر ملتا ہے۔ تاہم مرحوم کے والد مکرم میاں چراغ دین صاحب نے 1908ء میں حضرت خلیفۃ المسیح الاول کے ہاتھ پر بیعت کی اور بعد ازاں سیکھواں سے منتقل ہو کر قادیان میں رہائش پذیر ہوئے۔

باقی صفحہ 12 پر

شراب و نشہ آور اشیاء کی حرمت وممانعت

آیات، احادیث اور اقتباسات کی روشنی میں

(بسلسلہ تعمیل فیصلہ جات مجلس شوریٰ 2012ء)

امسال مجلس مشاورت میں ایک تجویز نشہ آور اشیاء کے استعمال سے احمدی نوجوانوں کو محفوظ رکھنے کے بارے میں بھی تھی ۔اسی سلسلہ میں شراب اور دیگر نشہ آور اشیاء کی ممانعت کے بارہ میں قرآنی تعلیم ،احادیث ارشادات حضرت اقدس مسیح موعوداور ارشادت خلفاء پیش خدمت ہیں۔

شراب نوشی اور نشہ کے بدنتائج

اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں شراب جو سب نشوں کی جڑ ہے، کے بد نتائج بیان کرتے ہوئے فرماتا ہے۔

ترجمہ: اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو! یقیناً مدہوش کرنے والی چیز اور جوا اور بت (پرستی) اور تیروں سے قسمت آزمائی یہ سب ناپاک شیطانی عمل ہیں۔ پس ان سے پوری طرح بچو تا کہ تم کامیاب ہو جاؤ۔شیطان تو یہی چاہتا ہے کہ شراب اور جوئے کے ذریعہ سے تمہارے درمیان دشمنی اور بغض پیدا کر دے اور تمہیں ذکر الٰہی اور نماز سے باز رکھے۔تو کیا تم باز آجانے والے ہو؟

(المائدہ 91،92)

احادیث نبویہ

ہر نشہ آور چیز شراب ہے اور حرام ہے

حضرت ابن عمرؓ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ ہر نشہ آور چیز خمر ہے اور ہر نشہ آور چیز حرام ہے۔ (صحیح مسلم کتاب الاشربۃ)

نشہ عبادتوں کو ضائع کر دیتا ہے

حضرت ابن عباس روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ ہر نشہ آور چیز جو عقل میں بگاڑ پیدا کر دے شراب کے زمرہ میں آتی ہے اور ہر نشہ آور چیز حرام ہے اور جس نے نشہ آور چیز کا استعمال کیا اس کی چالیس دن کی نمازیں ضائع ہوگئیں۔

(سنن ابی داؤد کتاب الاشربہ)

نشہ میں ملوث افراد پر لعنت

اللہ تعالیٰ نے شراب اور اس کے پینے والے پر اور اس کے پلانے والے پر اور اس کے خریدنے والے اور بیچنے والے پر اور اس کے کشید کرنے والے اور کشید کروانے والے ، اور اس کو اٹھانے والے اور جس کی طرف اٹھا کر وہ لے جاتا ہے لعنت کی ہے۔

(سنن ابی داؤد کتاب الاشربۃ)

ارشادات حضرت مسیح موعود

شراب عفت وحیا کی جانی دشمن ہے

''شراب تو انتہائی شرم، حیا، عفت، عصمت کی جانی دشمن ہے۔انسانی شرافت کو ایسا کھو دیتی ہے کہ جیسے کتے، بلے، گدھے ہوتے ہیں۔اس کا پیکر بالکل انہی کے مشابہ ہو جاتا ہے۔''

(ملفوظات جلد3 صفحہ 107)

نشہ زندگی کو کھا جاتا ہے

''جب انسان نشہ کا عادی ہو جاتا ہے تو پھر چھوڑنا مشکل ہے ۔یہ نشہ بھی کیا شے ہے کہ ایک طرف زندگی کو کھا جاتا ہے......نشہ والوں کو نشہ نہ ملے تو موت تک نوبت پہنچ جاتی ہے۔''

(ملفوظات جلد2 صفحہ 423)

صحبت میں بہت بڑی تاثیر ہے

''صحبت کا بہت بڑا اثر ہوتا ہے جو اندر ہی اندر ہوتا چلا جاتا ہے۔اگر کوئی شخص ہر روز کنجریوں کے ہاں جاتا ہے اور پھر کہتا ہے کہ کیا میں زنا کرتا ہوں؟ اس سے کہنا چاہئے کہ ہاں تو کرے گا اور وہ ایک نہ ایک دن اس میں مبتلا ہو جاوے گا کیونکہ صحبت میں تاثیر ہوتی ہے۔اسی طرح پر جو شخص شراب خانہ میں جاتا ہے خواہ وہ کتنا ہی پرہیز کرے اور کہے کہ میں نہیں پیتا ہوں لیکن ایک دن آئے گا کہ وہ ضرور پیئے گا۔پس اس سے کبھی بے خبر نہیں رہنا چاہئے کہ صحبت میں بہت بڑی تاثیر ہے۔''

(ملفوظات جلد3 صفحہ 505)

نشہ شیطان کے عمل سے ہے

''ایک شخص جو کہ رات دن نشہ میں رہتا ہے ہوش اس کے بجا ہی نہیں ہوتے تو اسے دوسری بدیوں کے ارتکاب میں کیا رکاوٹ ہوسکتی ہے؟ موقعہ موقعہ پر ہر ایک بات مثل زنا، چوری، قمار بازی وغیرہ کر سکتا ہے ہماری شریعت نے قطعاً اس کو بند کر دیا ہے اور یہاں تک لکھ دیا ہے کہ یہ شیطان کے عمل سے ہے تا کہ خدا کا تعلق ٹوٹ جاوے۔''

(ملفوظات جلد3 صفحہ 324 حاشیہ)

افیون قویٰ کو نابود کر دیتی ہے

''جو لوگ افیون کھاتے ہیں وہ کہتے ہیں کہ ہمیں موافق آ گئی ہے۔وہ موافق نہیں آتی۔دراصل وہ اپنا کام کرتی رہتی ہے اور قویٰ کو نابود کر دیتی ہے۔''

(ملفوظات جلد2 صفحہ 321)

نشوں اور تقویٰ میں عداوت ہے

اسلام کا حسن یہ بھی ہے کہ جو چیز ضروری نہ ہو وہ چھوڑ دی جاوے۔اسی طرح پر یہ پان، حقّہ، زردہ (تمباکو)، افیون وغیرہ ایسی ہی چیزیں ہیں۔ بڑی سادگی یہ ہے کہ ان چیزوں سے پرہیز کرے۔ کیونکہ اگر کوئی اور بھی نقصان ان کا بفرض محال نہ ہو تو بھی اس سے ابتلا آجاتے ہیں اور انسان مشکلات میں پھنس جاتا ہے......عمدہ صحت کو کسی بیہودہ سہارے سے کبھی ضائع کرنا نہیں چاہئے۔شریعت نے خوب فیصلہ کیا ہے کہ ان مضر صحت چیزوں کو مضر ایمان قرار دیا ہے اور ان سب کی سردار شراب ہے۔ یہ سچی بات ہے کہ نشوں اور تقویٰ میں عداوت ہے۔''

(ملفوظات جلد2 صفحہ 219)

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

'' تم ہر ایک بے اعتدالی کو چھوڑ دو ہر ایک نشہ کی چیز کو ترک کرو۔انسان کو تباہ کرنے والی صرف شراب ہی نہیں بلکہ افیون، گانجا، چرس، بھنگ، تاڑی اور ہر ایک نشہ جو ہمیشہ کے لئے عادت کر لیا جاتا ہے وہ دماغ کو خراب کرتا ہے اور آخر ہلاک کرتا ہے۔سو تم اس سے بچو۔ہم نہیں سمجھ سکتے کہ تم کیوں ان چیزوں کو استعمال کرتے ہو جن کی شامت سے ہر ایک سال ہزارہا تمہارے جیسے نشہ کے عادی اس دنیا سے کوچ کرتے جاتے ہیں اور آخرت کا عذاب الگ ہے۔''

(کشتیٔ نوح. روحانی خزائن جلد 19 صفحہ 70،71)

اپنی نسلوں کی حفاظت کریں

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا:۔

''یہ شراب جسے ام الخبائث بھی کہتے ہیں، یعنی برائیوں کی ماں، جسے آنحضرت ﷺ نے اللہ کے حکم سے جب منع فرمایا تو مدینے کی گلیوں میں یہ پانی کی طرح بہنے لگی ۔ کیونکہ صحابہؓ نے ایک ہی وقت میں، بغیر کسی چوں چرا کے اپنے تمام شراب کے مٹکے توڑ دیئے۔ (مسلم کتاب الاشربہ) ......

پس شراب اور جُوا وغیرہ جو ہیں کیونکہ خدا تعالیٰ نے جوئے کو بھی شراب کے ساتھ بیان فرما کر اثم کبیر فرمایا ہے۔یہ برائیاں......تباہی کا باعث ہیں ۔ بلکہ ہر ایک کی تباہی کی بنیاد ہیں کیونکہ یہ دین سے دُور لے جانے والی ہیں ۔خدا تعالیٰ سے دُور لے جانے والی ہیں اور جب انسان خدا تعالیٰ سے دور چلا گیا تو پھر اپنے اوپر ہلاکت سہیڑ لی۔پس ان ملکوں میں جہاں شراب پانی کی طرح پی جاتی ہے ۔جہاں ہر دکان پر، ہر ریسٹورنٹ پر، ہر پٹرول سٹیشن پر شراب ملتی ہے اور جوئے کی مشین لگی ہوئی ہیں اور یہ چیزیں پھر ترقی کی نشانی سمجھی جاتی ہیں احمدیوں کو بڑا پھونک پھونک کر چلنے کی ضرورت ہے اور نہ صرف اپنے آپ کو ان برائیوں سے بچانا ہے بلکہ اپنی نسلوں کی اپنے بچوں کی خاص طور پر ان کی جو نوجوان ہیں نوجوانی میں قدم رکھ رہے ہیں ،حفاظت کرنی ہے ان چیزوں کی ، ان برائیوں کی اہمیت ان پر واضح کرنی ہے ۔جوئے کی عادت کھیل کھیل میں پڑ جاتی ہے اور پھر یہ ایک ایسا نشہ ہے کہ جو اس میں مزید مبتلا کرتا چلا جاتا ہے ۔ پھر انسان اس برائی میں دھنستا چلا جاتا ہے۔''

(خطبات مسرور جلد8 صفحہ 160-161)

(مرسلہ: نظارت اصلاح وارشاد مرکزیہ)

محصول دے کر گالیوں کا حصول

حضرت سید عزیز الرحمٰن بریلوی بیان کرتے ہیں:

ایک دفعہ حضرت مسیح موعود کے خاندان کے ایک شخص نے جو مخالف تھا۔ ہمارے کچھ گڈے پر کوئی چیز لدی ہوئی تھی چھین لئے اور گالیاں بھی دیں۔حضرت میر ناصر نواب صاحب (نانا جان) کو اس پر بڑا غصہ آیا۔وہ چاہتے تھے کہ اس مخالف کو سزا دیں لوگوں نے کہا کہ اگر حضرت صاحب اجازت دے دیں تو ہم ابھی معاملہ درست کر لیں گے۔

حضرت میر صاحب غصے کی حالت میں حضرت اقدس کے حضور گئے اور سارا واقعہ بتلایا اور عرض کی کہ ہم ان سے بدلہ لینا چاہتے ہیں۔

حضرت اقدس اس وقت ایک خط ملاحظہ فرما رہے تھے جو بیرنگ آیا تھا۔ وہ گالیوں سے بھرا ہوا تھا وہ خط حضور نے میر صاحب کو دکھایا اور فرمایا کہ لوگ ہم کو لفافے بھر بھر کے گالیاں دیتے ہیں (چونکہ وہ لفافے بیرنگ ہوتے تھے) اور ہم محصول ادا کر کے گالیاں مول لیتے ہیں۔آپ سے بغیر پیسے کے بھی گالیاں نہیں لی جاتیں۔

اس طرح سے حضرت میر صاحب کا بھی غصہ جاتا رہا اور وہ حضور کے بلند اخلاق کو دیکھ کر حیران ہو گئے۔

(الحکم قادیان 14 دسمبر 1934ء)

پبلشر و پرنٹر : طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ | مطبع: ضیاء الاسلام پریس | مقام اشاعت : دارالنصر غربی چناب نگر ربوہ | قیمت 5 روپے

مکرم انور احمد رشید صاحب

پیارے خلفاء احمدیت کی حسین یادیں

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کے بارہ میں ایک تو بہت کمسنی اور دوسرے بیرون ملک رہنے کی وجہ سے زیادہ باتیں یادنہیں البتہ ہم سب بھائیوں کے نام حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے رکھے۔انس کی پیدائش کے موقع پر جب نانا جان مکرم چوہدری ظہور احمد صاحب ناظر دیوان نام رکھوانے گئے تو حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے فرمایا کہ کیا بار بار آتے ہو اور تین نام بتا دیئے کہ اب ان میں سے رکھ لینا۔ایک انس تھا دوسرا قمر اور تیسرا اختر۔اس طرح قمر کو بھی جس کی پیدائش حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کی وفات کے کافی عرصہ بعد ہوئی یہ اعزاز بفضل اللہ تعالیٰ حاصل ہوگیا۔

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کے وقت میں ہم نے اپنا بچپن ربوہ میں ہی گزارا۔حضور کو سیاہ مرسیڈیز میں جمعہ پر آتے جاتے،اجتماعات،جلسہ جات اور گھوڑ دوڑ ٹورنامنٹس پر دیکھ دیکھ کر جی خوش کر لیتے تھے۔حضور انور کا چہرہ انتہائی پُر نور تھا جس پر نظر نہیں ٹھہرتی تھی۔ مجھے یاد ہے کہ جب حضور انور بیت الذکر کے اندر تشریف لاتے تو حضور انور کا چہرہ پُر نور اور بڑی سفید براق پگڑی اور سیاہ چشمہ دیکھ کر اور حضور انور کی دلربا آواز میں السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ سن کر دل خوشی سے بھر جاتا۔

ایک دفعہ ہم عید کے بعد صدر انجمن احمدیہ کے کوارٹروں کی طرف لاری اڈہ کی طرف سے ہو کر آرہے تھے کہ حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کی کار بہشتی مقبرہ سے نکل کر قصر خلافت کی طرف جارہی تھی۔سڑک پر دونوں کاروں کا آمنا سامنا ہوگیا اور سامنے نانا جان بیٹھے تھے جن کو حضور نے ہاتھ ہلا کر سلام کیا اور اس طرح ہماری عید کی خوشیاں دوگنا چوگنا ہوگئیں۔

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث سے چند ملاقاتیں بھی یاد ہیں۔ایک مرتبہ جب میں بہت چھوٹا سا تھا تو اپنی والدہ محترمہ کے ہمراہ ملاقات کے لئے گیا تھا۔دوسری مرتبہ جبکہ ہمارے چچا لیفٹیننٹ کرنل ثروت احمد 1971ء کی جنگ کے بعد انڈیا سے رہائی پا کر آئے تو ان کے اور والد محترم ڈاکٹر رشید احمد صاحب کے ہمراہ حضور کی ملاقات کو گئے۔اس ملاقات میں ایک بزرگ میجر صاحب بھی تھے جو کہ انڈیا سے ہی آئے تھے۔حضور ان سے تمام حالات پوچھتے رہے اور اس طرح یہ ملاقات ختم ہوئی۔قصر خلافت میں سب کو حضور کی طرف سے چائے پیش کی جاتی تھی جس کے لئے خالص دودھ حضور کے اپنے فارم کا ہوتا تھا۔

ایک دفعہ میں اور میرا بھائی انس چھٹیوں کے ختم ہونے پر واپس جارہے تھے تو خیال آیا کہ حضور انور سے ملاقات کی جائے۔درخواست دینے پر وقت مل گیا اور ہم ملاقات کے لئے قصر خلافت چلے گئے۔نمبر آنے پر جب کمرے میں داخل ہوئے تو باہر کھڑے مکرم عبداللطیف عرف ننھا صاحب نے اونچی آواز سے کہا کہ حضور یہ چوہدری صاحب کے نواسے ہیں۔اس پر حضور نے پوچھا کہ یہ نواسے کیا کرتے ہیں جس پر دونوں نے بیک وقت جواب دیا کہ پڑھتے ہیں۔اس پر حضور نے پوچھا کہ کہاں پڑھتے ہو۔بتانے پر کہ کیڈٹ کالج حسن ابدال اور خاکسار پبلک سکول ایبٹ آباد میں پڑھتا ہے تو حضور نے پوچھا کہ آپ کے پرنسپل کون ہیں۔انس کے پرنسپل N.D.Hassan صاحب تھے اور خاکسار کے پرنسپل کا نام S.A.Rehman حضور نے بتایا کہ وہ ان دونوں صاحبان کو ذاتی طور پر جانتے ہیں۔حضور انور کے اس وسیع دائرہ ملاقات پر ہم دونوں حیران رہ گئے۔اس ملاقات کے ضمن میں ایک واقعہ جو کہ تربیتی پہلو رکھتا ہے اور اس کا ذکر حضرت مولانا غلام رسول راجیکی صاحب نے اپنی کتاب حیات قدسی میں کیا ہے وہ یہ کہ جب بھی حضرت مسیح موعود سے ملاقات کو جاتے تھے تو کچھ نہ کچھ نذرانہ پیش کرتے تھے۔ جب ہم ملاقات کو جانے لگے تو نانا جان نے ہمیں بلا کر دو علیحدہ علیحدہ لفافے دیئے جس میں کچھ نقدی تھی کہ یہ حضور کو پیش کرنا۔

مجھے حضور کی افریقہ کے کامیاب دورے کے بعد واپسی پر استقبال کا منظر بھی یاد ہے۔ربوہ میں انجمن اور تحریک جدید والی سڑک پر خوبصورت گیٹ بنائے گئے تھے اور جن میں سے حضور پر پھولوں کی پتیاں بھی نچھاور کی گئیں۔حضور انور نے واپسی کے بعد پہلے خطبہ جمعہ میں افریقہ کے حالات بیان کئے۔اس موقع پر حضور نے ایک ریڈیو سٹیشن نیٹ ورک کے لئے بھی خواہش کی تھی۔اسی طرح مجھے ایک بات بہت خصوصیت سے یاد ہے کہ حضور انور نے ایک افریقن بچے کا بھی ذکر کیا جس نے حضور کا کئی گھنٹے کا خطاب بڑی مستقل مزاجی سے کھڑے ہو کر سنا۔ اس پر مجھے بہت رشک آیا اور میں نے اپنے دل میں عہد کیا تھا کہ کم از کم اس بچے کی طرح حضور کے خطبات ہر حال میں سننے کی کوشش کروں گا خواہ حالات اس سے بھی سخت ہوں۔حضور انور مجلس خدام الاحمدیہ کے تحت ایوان محمود میں ہونے والی کھیلوں کے ٹورنامنٹ کے اختتام پر انعام دینے کے لئے بھی تشریف لائے تھے۔میری بھی خوش قسمتی تھی کہ میں نے ٹیبل ٹینس میں مقابلہ جیتا تھا۔لہٰذا مجھے بھی حضور انور سے انعام وصول کرنے کا شرف حاصل ہوا۔اس موقع پر حضور نے سینیئر گروپ کے ونر کے ساتھ ٹیبل ٹینس بھی کھیلی۔

حضور انور سے آخری ملاقات کا جو موقع بنا وہ اس طرح کہ عہدیداران احمدیہ سٹوڈنٹس ایسوسی ایشن لاہور کی حضور سے ملاقات تھی۔خاکسار بھی اپنے کالج کی نمائندگی میں اس گروپ میں شامل تھا۔عصر کے بعد قصر خلافت کے ساتھ وہ کوٹھی جس میں حضور اپنے آخری سالوں میں قیام پذیر رہے کے صحن میں ملاقات تھی۔ اس موقع پر پُر تکلف چائے کا انتظام تھا اور ہر قسم کے لوازمات میسر تھے۔حضور انور نے اس موقع پر طلباء سے سوال کیا کہ ان نئی ایجادات میں سب سے زیادہ نقصان ابھی تک انسان کو کس چیز سے پہنچا ہے۔جس پر مختلف جوابات دیئے گئے۔آخر میں حضور انور نے فرمایا کہ مصنوعی کھاد نے اس وقت تک انسان کو سب سے زیادہ نقصان پہنچایا ہے۔اس ملاقات میں حضور انور نے تیر اندازی کے بارہ میں تفصیلات بتائیں کہ تندی میں کھنچاؤ کے بعد کتنی طاقت ہوتی ہے اور ایک تیر کتنی تیز رفتاری سے سفر کر سکتا ہے۔

ایک دفعہ ربوہ میں بطور زائر حضور انور کی زیر صدارت ہونے والی مجلس شوریٰ میں شرکت کی۔ اس موقع پر ایک دوست کو کسی تجویز پر حضور انور کی طرف سے خاصی ڈانٹ پڑ گئی۔جس کا اگلے روز میں نے اپنے نانا جان سے ذکر کیا۔جس پر نانا جان نے بتایا کہ حضور انور نے اجتماعی کھانے میں ان دوست کو اپنے پہلو میں بٹھایا تھا اور اس بات کا ازالہ کر دیا تھا۔ اس واقعہ سے میرے دل میں ہمیشہ کے لئے یہ تاثر گڑ گیا کہ اگر خلیفہ وقت کسی کو ڈانٹ دیں یا سزا دیں تو اس کی بڑی تکلیف خود انہیں ہوتی ہے اور وہ بہت اعلیٰ رنگ میں تالیف قلب بھی کر دیتے ہیں۔

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع خلافت سے قبل کئی دفعہ ایوان محمود میں بیڈمنٹن کھیلنے تشریف لاتے تھے۔بعض اوقات آپ کے ساتھ آپ کی چھوٹی بیٹیاں بھی ہوتی تھیں۔ایک دفعہ حضور کھیلتے ہوئے گر گئے تھے اور سر کے پچھلے حصہ میں چوٹ لگی تھی۔

ایک دفعہ ہم نے لاہور جانا تھا اور جماعت کے ڈرائیور محمد اسمٰعیل صاحب اور میں انجمن والی سڑک پر جارہے تھے۔محمد اسمٰعیل صاحب نے حضرت میاں صاحب کو پیدل جاتے دیکھ کر لفٹ کی پیشکش کی جسے حضرت میاں صاحب نے قبول کر لیا۔ راستہ میں ان سے پوچھنے لگے کہ کدھر جا رہے ہو اور ساتھ کون ہے۔مکرم اسمٰعیل صاحب نے تعارف کروایا کہ یہ مکرمی چوہدری ظہور احمد صاحب کے نواسے ہیں تو فرمانے لگے ہیں! چوہدری صاحب کے نواسے اتنے بڑے ہوگئے ہیں۔

اسی طرح حضور کی خلافت سے قبل جلسہ سالانہ کے چند واقعات یاد ہیں۔ ایک دفعہ میری ڈیوٹی نظامت گوشت میں تھی۔ قصابوں کے دو گروپس کے درمیان کسی بات پر جھگڑا ہوگیا اور بات یہاں تک بڑھی کہ فریقین نے ٹوکے چھریاں اٹھالیں۔ ہم چند خدام جو ڈیوٹی پر تھے اپنے خیمے میں اکٹھے ہوگئے۔حضور نائب افسر جلسہ سالانہ ہوتے تھے اور کسی کام سے لنگر خانہ نمبر 1 میں تشریف لائے تو شور سن کر ہمارے احاطہ میں تشریف لے آئے اور استفسار فرمایا کہ کیا معاملہ ہے۔ حضور کو تمام صورتحال بتائی۔تمام معاملہ سن کر حضور بے دھڑک ان کے درمیان تشریف لے گئے اور فرمایا کہ بس جھگڑا فوراً ختم کریں اور اپنا اپنا کام کریں۔حضور کی بات کا دونوں فریقین پر اتنا اثر ہوا کہ تمام جھگڑا ختم کر کے کام کرنا شروع کر دیا۔

چند سال خاکسار کو ریزرو 1 میں ڈیوٹی دینے کا اتفاق بھی ہوا۔ ریزرو 1 میں احمدی مہمانان خصوصی قیام کرتے تھے۔حضور دوران جلسہ ایک شام باقاعدگی سے وہاں تشریف لاتے اور سوال و جواب کی مجلس کرتے جو کہ رات گئے تک چلتی تھی۔ اس دوران حضور کی ہدایت ہوتی تھی کہ انہیں قہوہ ملتا رہے۔ چنانچہ مجھے بھی یہ سعادت نصیب ہوئی کہ انہیں قہوہ بنا کر پیش کرتا رہا۔

حضور کا ہر جلسہ پر خطاب بھی ہوتا تھا اور اپنی ذات میں جلسہ سالانہ پر خطاب کی تیاری بھی ایک بڑا کام ہے مگر یہ دیکھ کر میں حیران ہوتا تھا کہ حضور میں اس قدر بے پناہ توانائی کہاں سے آئی ہے کہ رات کے دو بجے سائیکلوں پر اچانک ریزرو 1 میں تشریف لاتے ہمارا جائزہ لینے کہ آیا ہم جاگ رہے ہیں اور مہمانوں کو کسی قسم کی کوئی تکلیف تو نہیں۔ ساتھ عموماً جامعہ کے دو افریقی طالب علم ہوتے (ان میں سے ایک حافظ جبریل سعید صاحب آف گھانا مجھے یاد ہیں)۔حضور جس سرعت سے آتے اسی برق رفتاری سے دوبارہ اندھیرے میں غائب ہوجاتے۔

ایک دفعہ احمدیہ سٹوڈنٹس ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام ایوان محمود میں اجتماع تھا اور حضور مہمان خصوصی تھے۔مکرمی صدر صاحب ایسوسی ایشن نے مجھے کہا کہ میں مکرمی میاں صاحب کو کار پر جا کر لے آؤں۔ میں نے پروگرام کی مناسبت سے ایک وقت کا اندازہ کیا کہ اتنے بجے لینے کے لئے نکل پڑوں گا اور حضرت میاں صاحب کو گھر سے لے کر آؤں گا۔ جب میں اس مناسبت سے

ایوان محمود سے نکل رہا تھا تو کیا دیکھتا ہوں کہ حضرت میاں صاحب اپنے سائیکل پر ہال کے گیٹ میں داخل ہورہے ہیں۔

ہماری ممانی جان گیمبیا میں بقضائے الٰہی وفات پا گئیں اوران کی میت کراچی سے فیصل آباد آرہی تھی۔ جہاز کچھ لیٹ ہوگیا اوراسی مناسبت سے جنازہ کا پروگرام بھی۔ گھر کے تمام بڑے تو فیصل آباد گئے ہوئے تھے۔ مجھے یاد ہے کہ اس دوران حضرت میاں صاحب تشریف لاتے اور پوچھ کر چلے جاتے کہ آیا میت پہنچ گئی کہ نہیں۔ یقیناً انتہائی ضروری کام چھوڑ کر جون کی چلچلاتی گرمی میں سائیکل پر تشریف لاتے تھے اور کم از کم تین دفعہ اس مقصد سے تشریف لائے۔

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کے عہدہ جلیلہ پر فائز ہونے کے دو ہفتہ بعد ہمارے نانا جان وفات پا گئے۔ خطبہ جمعہ میں ذکر خیر فرمایا اور بعد نماز جمعہ نماز جنازہ پڑھائی۔ اس کے بعد پیشانی پر بوسہ دیا اور ماتھے پر انگوٹھی مبارک حضرت مسیح موعود لگا کر مختصر دعا فرمائی۔ اس کے بعد تدفین کا پروگرام پوچھا نیز فرمایا کہ میں خود آؤں گا۔ چنانچہ ازراہ شفقت تدفین پر تشریف لائے اور دعا کروائی اور معاً بعد گھر تشریف لاکر محترمہ نانی جان سے تعزیت کی۔

بعدازاں حضورانور کو حالات کی مجبوری کی وجہ سے ربوہ کو خیرباد کہہ کر ہجرت کرنا پڑی اور اس طرح جماعت کی ترقیوں کے نئے باب کھلے۔

حضور انور سے سویڈن میں پہلی ملاقات 1987ء میں ہوئی جب حضور انور نے دورہ سویڈن کے دوران مالمو میں مشن ہاؤس کا افتتاح فرمایا۔ اس کے بعد اگلی ملاقات 1989ء میں حضور کے دورہ کے موقع پر گوتھن برگ اور پھر دوبارہ کالمار میں ہوئی۔ حضور سے ملاقات کے وقت تعارف کرواتے ہوئے کہا کہ حضور آپ ہمارے نانا جان کو تو جانتے ہوں گے جس پر حضور فرمانے لگے کہ پہلے آپ مجھے یہ بتائیں کہ ان کو کون نہیں جانتا۔ حضور کا ملاقات کا انداز ایسا اپنائیت کا ہوتا تھا کہ ہر شخص کا دل موہ لیتے تھے۔ میری اہلیہ سے فرمانے لگے کہ آپ اپنا تعارف کروائیں آپ تو بالکل اپنی لگتی ہیں۔ اسی طرح ہماری بیٹی انیقہ کو جو کہ اپنی امی کی گود میں تھی۔ گود سے لے کر اٹھایا اور تصویر کھنچوائی۔ اس کے بعد حضور کالمار تشریف لے گئے۔ وہاں پر بھی اپنے والدین اور بہن بھائیوں کے ساتھ ملاقات کا موقع مل گیا۔ اس موقعہ پر حضور ابو جان کو فرمارہے تھے کہ ڈاکٹر صاحب آپ کو یاد ہے کہ میں آپ سے مشورہ کرنے کے لئے آپ کے گھر آیا تھا۔ اللہ اللہ کیا شان ہے کہ آقا اپنے غلام کو یہ بات بتا رہا ہے۔ ابو جان کی صحت بڑی کمزور تھی اور صرف حضور سے ملاقات کے لئے اصرار کرکے کالمار کا سفر کیا۔ کالمار میں نماز کے دوران ابو جان کرسی پر بیٹھے ہوئے تھے۔ نماز کے بعد حضور کے اٹھنے پر ابو جان اٹھنے لگے تو حضور فوراً آگے بڑھے اور فرمانے لگے کہ ڈاکٹر صاحب اٹھنے کی زحمت نہ کریں اور کرسی پر بیٹھے رہیں۔

حضور انور کو ناروے بہت پسند تھا اور حضور کے ناروے آنے جانے کی وجہ سے سویڈن میں بھی حضور کا ورود مسعود ہوتا رہتا تھا۔ یہ حضور کی ناروے کے قدرتی حسن سے محبت تھی جس نے ہمیں بھی بارہا ناروے کی سیر پر اکسایا۔ جب بھی ناروے جاتے ہیں تو حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کی یاد ہمیشہ آتی ہے۔ ایک دفعہ حضور ناروے تشریف لائے اور پھر سویڈن کے راستہ واپسی کا پروگرام تھا۔ جمعہ کے بعد حضور کی اوسلو سے روانگی کا پروگرام تھا۔ سویڈن سے امیر صاحب کی معیت میں ایک گروپ حضور انور کو لینے کے لئے اوسلو گیا جس میں خوش قسمتی سے میں بھی بحیثیت صدر خدام الاحمدیہ شامل تھا۔ وہاں حضور کے پیچھے پہلی صف میں نماز جمعہ پڑھنے کا شرف حاصل ہوا۔ اس خطبہ میں حضور نے ناروے کے قدرتی حسن کا ذکر فرمایا تھا اور جماعت کو تلقین کی تھی کہ وہ ناروے کے باسیوں کی اس حسن کے خالق کی طرف توجہ کروائیں۔

ایک واقعہ جو مجھ یاد ہے۔ ہوا یوں کہ نماز جمعہ کے لئے نداء شروع ہوئی ہی تھی کہ حضور انور کا ایک نواسہ سائیڈ والے دروازے سے آ کر صف میں بیٹھ گیا مگر اس کے سر پر ٹوپی نہیں تھی۔ حضور نداء کے دوران منبر کے پیچھے تشریف فرما تھے۔ حضور نے اپنی جیب سے ایک رومال نکالا اور اس کے چاروں سروں پر گانٹھ لگا کر وہ رومال اپنے نواسہ کو دیا کہ وہ اس کو ٹوپی کے طور پر استعمال کرے۔ حضور نے اس طرح ایک فوری ضرورت بھی خاموشی سے مہیا کردی اور نواسے کو بھی احساس دلایا کہ ٹوپی نماز کے لئے بہت اہم ہے۔

حضور کے خلیفہ بننے سے پہلے کی ایک عادت کا میں بھی گواہ ہوں جس سے حضور کی احتیاط پسندی کا پتا چلتا ہے۔ میں چھوٹا اور نانا جان کے ساتھ نماز پڑھنے بیت مبارک گیا۔ جہاں میں نے دیکھا کہ میاں صاحب تشریف لائے ہیں اور آپ نے اپنا ایک بوٹ ایک ستون کے ساتھ رکھا اور دوسرا دوسرے ستون کے ساتھ۔ اس معمولی سی احتیاط کے باعث یقیناً انسان ایک بڑی پریشانی سے بچ جاتا ہے۔ اسی طرح حضور انور کے ساتھ لندن میں ایک ملاقات کے دوران ایک امر پر گفتگو کے دوران میں نے حضور سے ایک شخص کا اس نام سے جس سے وہ عرف عام میں مشہور ہیں ذکر کیا کہ آیا ہم ان سے بھی رابطہ کرسکتے ہیں۔ حضور اگرچہ اس شخص کو بہت اچھی طرح جانتے تھے مگر وہی نام دہرا کر پوچھا کون صاحب۔ جس پر خاکسار نے ان صاحب کا مکمل نام لیا تو حضور نے اپنی رائے کا اظہار فرمایا۔ اس امر سے بھی حضور کی احتیاط پسندی کا اظہار ہوتا کہ پورا نام لیا جائے تا بعد میں کسی قسم کے ابہام کی گنجائش نہ رہے۔

ایک دفعہ حضور انور کا ڈنمارک سے سویڈن اور پھر ناروے کا پروگرام تھا۔ یہ دورہ خاکسار کے لئے بہت اعزاز کا باعث بنا کہ مکرمی امیر صاحب نے اس دورہ کی پلاننگ ونگرانی کی ذمہ داری خاکسار کے ذمہ کردی۔ حضور انور نے مالمو میں جمعہ کی نماز ادا کرنی تھی۔ ان دنوں MTA کو قائم ہوئے زیادہ عرصہ نہ گزرا تھا اور ابھی 24 گھنٹے کی نشریات جاری نہیں ہوئی تھیں۔ اس موقع پر دل میں یہ خواہش شدت سے ابھری کہ حضور کا خطبہ اگر Live نشر ہو جائے تو مزہ آجائے۔ حضور انور کی خدمت میں بھی دعا کے لئے لکھا۔ چنانچہ اس سلسلہ میں تین خدام نے حامی بھری کہ وہ اس کا انتظام کرنے کی کوشش کریں گے اور اخراجات بھی ادا کردیں گے۔ اس سلسلہ میں ڈاکٹر انس رشید صاحب اور خصوصاً مکرمی احسان اللہ واہلہ صاحب کو اللہ تعالیٰ جزائے خیر دے جنہوں نے ان نشریات کو Live بھجوانے کے لئے انتھک محنت و رابطے کئے۔ اس سلسلہ میں قابل ذکر بات یہ ہے کہ خلیفہ وقت کے ساتھ ایسی تائیدی ہوائیں چل رہی ہوتی ہیں کہ خدا تعالیٰ معجزانہ رنگ میں بعض مشکل اور ناممکن امور کو بھی ممکن بنا دیتا ہے۔ Live نشریات بھجوانے کے اخراجات بہت زیادہ تھے اور اس وقت تک سرکاری TV کے نیٹ ورک کے ادارہ Teracom کی مکمل اجارہ داری تھی۔ جب احسان صاحب نے ان سے رابطہ کیا تو معلوم ہوا کہ مالمو سے انہی ایام میں ٹینس کے Davis cup کا فائنل ہورہا تھا جو کہ پوری دنیا میں دکھایا جانا تھا اور ان کا پورا سٹاف وہاں مصروف ہوگا۔ جب احسان صاحب نے دوبارہ رابطہ کیا تو وہ چیف کہنے لگا کہ سارا سٹاف مصروف ہے اور اس کا ایک ہی حل ہے کہ میں خود ہی سٹاک ہولم سے مالمو آؤں۔ چلو میں ایسے کر لیتا ہوں اس بہانے میں Davis cup کا فائنل بھی دیکھ لوں گا۔ آپ یہ جان کر حیران ہوں گے کہ ہم نے اس Live ٹرانسمیشن کے جو اخراجات ادا کئے وہ ایک ہزار پاؤنڈ سے کم تھے۔ MTA کی تاریخ میں اس وقت تک پہلی بار ہوا تھا کہ لندن سے MTA کا سیٹیلائٹ سے رابطہ منقطع کرکے مالمو سے براہ راست سگنل سیٹیلائٹ کو بھیجا گیا۔ حضور انور کی کوپن ہیگن سے آمد میں کچھ دیر ہوگئی اور جو خطبہ ایک بجے نشر ہونا تھا تقریباً دو گھنٹے لیٹ شروع ہوا۔ ہمیں یہ فکر تھی کہ کہیں Teracom کا سٹاف یہ نہ کہہ دے کہ بھئی آپ کا ایک گھنٹہ ختم ہوا اور ہم جاتے ہیں۔ خدا کا فضل ہے کہ ان کی طرف سے اس بات کا ذرا بھی اظہار نہ ہوا اور نہ ہی انہوں نے اس تاخیر کے کچھ چارجز لئے۔ اب ذرا ان خدام کی خوش قسمتی دیکھیں۔ حضور انور کو بھی ان خدام کی خدمت کا علم تھا۔ لہٰذا آپ نے خطبہ کے آغاز میں جو پہلی بات کی کہ اس Live نشریات کے اخراجات چند نوجوانوں نے ادا کئے ہیں تمام احباب ان کو بھی اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں۔ مالمو سے حضور کالمار کے لئے تشریف لے گئے۔ مختلف سیاستدانوں اور سویڈش احباب کو مل کر گوٹن برگ کی طرف روانگی ہوئی۔ دسمبر کا پہلا ہفتہ تھا اور موسم سرما میں سیکنڈے نیوین ممالک میں دن بڑے ہی مختصر ہوتے ہیں۔ لہٰذا اندھیرے میں ہی کالمار سے روانگی ہوئی۔ تین کاروں کا قافلہ کالمار سے روانہ ہوا۔ چوتھی کار کو کالمار میں سامان سمیٹنے میں کچھ وقت درکار تھا۔ ایک جگہ سڑک پر مڑنا تھا اور مڑنے کے بعد احساس ہوا کہ تیسری کار ساتھ نہیں۔ چنانچہ پہلی آنے والی پارکنگ میں رک گئے اور حضور نے فرمایا کہ پیچھے جا کر چیک کریں۔ اب ہماری عقل کہ ہم نے گاڑی اس طرف دوڑا دی جس طرف وہ کار سیدھی جاسکتی تھی اس خیال سے کہ شاید وہ سڑک کے کنارے رک گئے ہوں۔ پندرہ بیس منٹ کی ڈرائیونگ کے بعد واپس آئے اور بتایا کہ ہم نے تعاقب کیا ہے مگر کچھ پتا نہیں لگا ہے۔ اس پر حضور نے فرمایا کہ میں نے کب کہا تھا کہ ان کے تعاقب میں پیچھے جاؤ بلکہ جہاں سے ہم گزر کر آئے ہیں ادھر پیچھے جاؤ کہ خدانخواستہ کوئی حادثہ نہ پیش آگیا ہو۔ چنانچہ ہم دوبارہ پیچھے گئے اور پندرہ کلومیٹر تک کا جائزہ لے کر آئے اور پھر رپورٹ دی کہ کچھ نہیں ملا۔ اس امر کی تسلی ہونے پر کہ کار میں ایک مقامی خادم بھی موجود ہے حضور نے آگے چلنے کا ارشاد فرمایا۔ تیس چالیس منٹ تک حضور سڑک کے کنارے گھپ اندھیرے میں تشریف فرمارہے۔ اس اندھیرے کا اندازہ اس سے لگائیں کہ کالمار سے جس کار نے MTA کا سامان سمیٹ کر چلنا تھا وہ بھی وہاں سے گزری اور انہوں نے بھی ایک کار رکی دیکھی مگر وہ بھی پہچان نہ سکے اور رکے بغیر سیدھے نکل گئے۔ اپنے خدام کا حضور کو اتنا خیال تھا کہ جب حضور کے گوٹن برگ پہنچنے پر علیحدہ ہو جانے والی کار کے اراکین نے حضور کا استقبال کیا تو حضور کی خوشی دیدنی تھی۔

گوٹن برگ قیام کے دوران تمام اراکین قافلہ مع سیکیورٹی عملہ حضور کی اجازت سے ایک جگہ سیر کے لئے گئے تو اس دوران خدام الاحمدیہ سویڈن کو حضور کی سیکیورٹی کی مکمل ڈیوٹی دینے کا اعزاز بھی حاصل ہوا۔ اس دوران حضور رہائش گاہ سے بیت الذکر میں نماز پڑھانے بھی تشریف لائے۔

اسی دورہ کے دوران خاکسار کو حضور انور کے جوتے پالش کرنے کی سعادت بھی حاصل ہوئی۔ حضور کے عملہ کے رکن یہ کام کررہے تھے۔ خاکسار نے ان سے درخواست کی یہ سعادت اگر مجھے کرنے دیں تو ممنون ہوں گا اور یہ ان کا احسان تھا کہ انہوں نے مجھے اس کی اجازت دے دی۔

حضور انور کے قیام کے دوران خاکسار ڈیوٹی دینے والے ایک خادم کے ساتھ دفتر کے دروازہ کے باہر کھڑا تھا کہ اچانک دروازہ کھلا اور کیا دیکھتے ہیں کہ حضور کھڑے ہیں اور اندر آنے کا اشارہ کیا۔ جب میں دفتر کے اندر گیا تو فرمانے لگے کہ میں ٹیلیفون کرنا چاہتا ہوں یہاں سے فون کرنے کا کیا طریق ہے۔ جس پر میں نے حضور کو فون کرنے کا طریق بتایا۔ جن احباب نے پرانی بیت الذکر میں دفتر دیکھا ہوا ہے وہ جانتے ہیں کہ بمشکل پانچ چھ مربع میٹر کا کمرہ تھا۔ جس میں سے سیڑھیاں رہائش گاہ میں بھی جاتی تھیں اور خصوصاً آفس چیئر والی طرف دو آدمی بمشکل کھڑے ہو سکتے تھے۔ فون کرنے کا طریقہ بتانے کے بعد خاکسار اس انتظار میں تھا کہ حضور پیچھے کی طرف ہوں اور میرے نکلنے کا رستہ بنے تو میں جاؤں۔ مگر حضور انور نے اس طرح کھڑے کھڑے فرمایا کہ اب جاؤ۔ چنانچہ اس حکم کے ارشاد میں اسی مختصر سے فاصلے میں سے گزرنا پڑا وہ اس طرح کہ میرا تمام بدن حضور انور کے مبارک بدن کے ساتھ رگڑتا ہوا گزرا۔ میں اپنی اس خوش قسمتی پر نازاں وخراماں کمرے سے باہر آ گیا۔

حضور انور کے ساتھ مختلف اوقات میں ہونے والی ملاقاتوں کی چند یادیں قارئین کے ساتھ شیئر کرنا چاہتا ہوں۔ ہر ملاقات کے وقت حضور انور کی کوئی کتاب دستخط کروانے کے لئے لے جاتا جس پر حضور انور محبت بھرے کلمات درج فرما دیتے۔

ایک دفعہ جلسہ سالانہ پر حضور انور کی ایک تصویر لے کر ملاقات کے دوران دستخط کے لئے درخواست کی۔ حضور انور نے ازراہ شفقت دستخط ثبت فرما دیئے اور پوچھا کہ تم نے یہ تصویر کیوں چنی ہے۔ اس پر میں نے عرض کیا کہ حضور نے اس تصویر میں حضرت مسیح موعود کا کوٹ زیب تن کیا ہوا ہے۔ جس پر حضور انور نے فرمایا کہ ''میں بھی یہی سننا چاہتا تھا۔'' اسی طرح ایک ملاقات کے دوران فرمایا کہ سویڈن میں نوجوانوں کو دعوت الی اللہ کریں اور اسی طرح فرمایا کہ مغربی ممالک کے چرچز (Churches) میں سے دین حق کے خلاف سب سے زیادہ متعصب سویڈش چرچ ہے۔

خلیفہ وقت سے جدائی کی گھڑی بھی بڑی بھاری ہوتی ہے۔ وہ خوشیاں اور برکتیں جو اس وجود کے ساتھ ظاہر ہوتی ہیں ایک دم آپ کو اداس کر کے رخصت ہو جاتی ہیں۔ دل کی گہرائیوں سے دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان بابرکت وجودوں کو جنہوں نے اللہ کی توحید اور دین حق کی نشاۃ ثانیہ کے لئے اپنی زندگیاں وقف کیں اور ہر دم اس جہاد میں مصروف رہے۔ اللہ تعالیٰ ان بزرگ وجودوں کو اعلیٰ علیین میں بلند سے بلند مقام عطا فرمائے اور ہمیں ان کے ارشادات پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

ص۔حسن

میرے والد مکرم مظفر حسن صاحب کا ذکر خیر

میرے پیارے ابا جان مکرم مظفر حسن صاحب 31 جنوری 2007ء کو علی الصبح بغیر کسی بیماری کے اچانک ہی ہم سے جدا ہو کر اپنے مولائے حقیقی کے حضور حاضر ہو گئے۔

ابا جان کی ولادت 24 مارچ 1920ء کو سیالکوٹ کے ایک گاؤں کلاس والا میں ہوئی۔ میرے دادا محمد مقبول اس وقت چین میں کاروبار کرتے تھے۔ لمبے عرصہ کے بعد گھر آتے اور مختصر قیام کے بعد واپس چلے جاتے۔ میرے ابا اپنے بھائی بہنوں میں دوسرے نمبر پر تھے۔ ابا جان سے بڑے بھائی منظور الحق اور چھوٹے بھائی ظفر المومن اور دو بہنیں تھیں۔

ابا جان کی پیدائش کے وقت ان کے گاؤں میں چیچک کی وبا پھیلی ہوئی تھی جس نے دادی اماں اور ابا جان کو اپنی لپیٹ میں لے لیا۔ نتیجتاً ابا جان کا ایک کان اور ایک آنکھ اس مہلک بیماری کی وجہ سے ضائع ہو گئے۔ جس کا علم تب ہوا جب انہوں نے سکول جانا شروع کیا۔

ابا جان کی ابتدائی تعلیم گاؤں میں ہی مکمل ہوئی۔ پھر دادا جان اپنی فیملی کو چین لے گئے جہاں چند سال رہنے کے بعد وہ ہانگ کانگ منتقل ہو گئے۔ اس طرح ابا جان نے میٹرک تک تعلیم ہانگ کانگ میں حاصل کی۔ دادا جان پھر مستقل طور پر سیالکوٹ میں رہائش پذیر ہوئے اور ابا جان نے مَرے کالج سے اعلیٰ نمبروں میں ایف ایس سی کیا۔ اور پھر انجینئرنگ کی تعلیم کے لئے دہلی چلے گئے۔

یہاں یہ ذکر کرنا ضروری ہے کہ میرے پڑدادا حضرت حاجی عبدالعظیم صاحب نے حضرت مسیح موعود کی پہلی دفعہ زیارت کی اور ان کی شخصیت سے متاثر ہو کر اسی وقت بیعت کی اور رفیق ہونے کا شرف حاصل کیا۔ لیکن ان کی اولاد میں سے کوئی بھی احمدی نہ ہوا جس کا انہیں شدید دکھ تھا اور وہ دن رات ان کی نیک ہدایت کے لئے خدا تعالیٰ کے حضور گریہ وزاری کرتے تھے۔

میرے ابا جان جب دہلی پڑھنے گئے تو کچھ دوستوں کے ساتھ مل کر ایک کرائے کے مکان میں رہائش پذیر ہوئے۔ ان کی خوش قسمتی تھی کہ وہ دوست سب احمدی تھے۔ جن کی دعوت الی اللہ سے ابا جان احمدیت کے قریب آئے اور 1943ء میں حضرت مصلح موعود کے ہاتھ پر بیعت کر کے سلسلہ احمدیہ میں داخل ہو گئے اس طرح میرے پڑدادا کی دعائیں رنگ لائیں اور ان کا پوتا ان کی نسل کو آگے چلانے کا موجب بنا۔

ابا جان کی بیعت کے بعد ان کے والدین سخت ناراض ہوئے اور ان سے قطع تعلق کر کے تعلیمی خرچہ بند کر دیا۔ ابا جان نے قرضہ حسنہ کے لئے کافی کوشش کی تا تعلیم مکمل ہو سکے لیکن بدقسمتی سے کسی سے بھی مدد نہ مل سکی اور مجبوراً انہیں انجینئرنگ کے دوسرے یا تیسرے سال سے تعلیم ادھوری چھوڑ کر ملازمت اختیار کرنا پڑی۔ ان حالات میں بھی انہیں والدین کا اس قدر خیال رہا کہ اپنی تنخواہ کا نصف والدہ کو بھیجنا شروع کر دیا۔

ابا جان کے دادا کی کوشش سے ابا جان کا رشتہ ان کے رشتہ کے چچا عبداللہ جو برما میں اوورسیئر تھے، کی بیٹی امۃ اللہ سے طے پایا اور 1946ء میں دونوں کی شادی ہوگئی۔ پاکستان بننے کے بعد ابا اور امی کراچی منتقل ہو گئے کیونکہ ابا جان کا نیول ہیڈ کوارٹر کے ایڈمنسٹریٹو سیکشن میں تبادلہ ہوا تھا۔ اس دفتر میں دس گیارہ سال کام کیا اور رشوت نہ لینے کی یہ سزا ملی کہ ترقی نہ ہو سکی۔ آخر دل برداشتہ ہو کر ابا جان نے یہ ملازمت 1958ء میں چھوڑ دی اور کویت چلے گئے۔ وہاں ایک نجی تجارتی کمپنی میں ملازمت حاصل کی۔ ابا جان تقریباً چالیس سال وہاں رہے اور امی ہم بچوں کو لے کر اچھی تعلیم و تربیت کے لئے ربوہ میں رہائش پذیر ہوئیں۔

ایک لمبا عرصہ الگ الگ رہتے ہوئے دونوں نے اپنی ذمہ داریاں بڑی ہمت، صبر اور حوصلے سے باحسن ادا کیں۔

ابا جان نے حقوق اللہ اور حقوق العباد پوری جانفشانی اور توجہ سے ادا کئے۔

اللہ تعالیٰ کے ساتھ جو ان کا تعلق تھا وہ اللہ ہی بہتر جانتا ہے۔ ہم نے انہیں عبادات کا حق ادا کرتے ہوئے دیکھا۔ بروقت اور باجماعت نماز کا خاص خیال رکھتے۔ ملازمت کے دوران اکثر دوروں پر دوسرے ممالک جانا پڑتا لیکن ہر کام چھوڑ کر وقت پر نماز ادا کرتے۔ ریٹائرمنٹ کے بعد لاہور چھاؤنی اپنے گھر آ گئے تو پانچوں نمازیں بیت الذکر میں ادا کرنے جاتے۔ بیت الذکر قریب ہونے کا فائدہ اٹھاتے اور پیدل سیر کرتے ہوئے جاتے۔

تہجد کا بھی التزام کرتے اور لمبے لمبے سجدوں والے نوافل ادا کرتے۔ ہر ایک کے لئے دعائیں کرتے۔ قرآن پاک کی باقاعدہ تلاوت اور تفسیر آخری لمحے تک جاری رہی۔ آخری دن تو کئی گھنٹے تلاوت میں ہی گزارے۔

میں نے جب سے ہوش سنبھالا انہیں رمضان کے ساتھ شوال کے چھ روزے بھی رکھتے دیکھا تھا۔ رمضان میں عبادات کا خاص اہتمام کرتے اور صدقہ وخیرات بھی بکثرت کرتے۔

ہر طرح کے چندے سال کے شروع میں ہی ادا کر دیتے۔ کویت میں لمبا عرصہ سیکرٹری مال کے فرائض انجام دیئے اور ہر ماہ سب سے پہلی رسید اپنے چندوں کی کاٹتے۔ خلفاء وقت کی ہر مالی تحریک میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے اور ادائیگی میں بھی جلدی کرتے تھے۔ اللہ تعالیٰ نے حج اور عمرہ کی بھی توفیق عطا فرمائی۔ اپنے خاندان میں اکیلے احمدی تھے اور مخالفت کے باوجود سلسلہ سے مضبوطی سے منسلک رہے۔

حقوق العباد میں بھی ابا جان کا مثالی نمونہ تھا۔

اپنے والدین اور بہنوں اور بھائیوں کا ہر طرح سے خیال رکھا۔ عقیدہ میں فرق ہونے کے باوجود بیٹا اور بھائی ہونے کا فرض باحسن ادا کیا۔ والدین کو حج کروایا، بہنوں کی شادیاں کیں اور آخری دم تک فرائض ادا کرتے رہے۔ بے انتہا محبت کرنے والے اور وفا شعار شوہر تھے۔ امی اور ابا جان کا پیار سارے خاندان میں مثالی تھا۔ بیوی کے تمام تر حقوق خوش دلی سے ادا کرتے تھے۔ امی کی ہر خواہش کو پورا کرنا اپنا فرض سمجھتے تھے۔ امی کو سیر وسیاحت اور قدرتی مناظر دیکھنے کا بہت شوق تھا جو ابا جان نے خوب پورا کیا۔ امی کے لئے National Geographic Megazine ماہانہ لگوا رکھا تھا جو امی بہت شوق سے پڑھتی تھیں۔

گھر کے کام کاج میں ابا جان ذاتی دلچسپی لیتے اور ہر کام میں امی کا مشورہ ضرور لیتے تھے۔

اولاد سے بہت پیار کرتے اور ہم سے دور رہتے ہوئے بھی ہماری تعلیم و تربیت کا خیال رکھا۔ ہر ضرورت وقت پر پوری کی۔ ہر بچے سے فرداً فرداً خط وکتابت تھی، ہر ایک سے تعلیمی ریکارڈ پوچھتے اور آئندہ کے لئے ہدایات دیتے۔ سال میں ایک ماہ کے لئے گھر آتے تو ذاتی دلچسپی لے کر ہمیں پڑھاتے۔ ابا جان کی انگریزی بہت اچھی تھی جس سے ہم سب بچوں نے فائدہ اٹھایا۔ ہمیں بہترین کھلونے اور معلوماتی رسائل منگوا کر دیتے۔ ہر بچے کو میٹرک میں اچھے نمبروں میں پاس ہونے پر بہترین قلم کا تحفہ دیا۔ سب بچوں کو بہترین تعلیم دلوائی۔ 1974ء میں لاہور چھاؤنی میں گھر بنوایا اور ساتھ ہی نئی گاڑی بھی منگوا کر دی۔

ابا جان کی شخصیت بہت پُر اثر تھی۔ جو ایک دفعہ ملتا، ان کا گرویدہ ہو جاتا اور ہمیشہ یاد رکھتا۔ ہر ایک سے پُر خلوص محبت کرنے والے اور بے غرض کام آنے والے تھے۔ تمام دور اور نزدیک کے رشتہ داروں سے خط وکتابت تھی۔ ہر ایک کی خیر خبر رکھتے اور جب ضرورت ہوتی بغیر بتائے خاموشی سے مالی مدد کرتے رہتے۔ ہر موقع اور تہوار پر ملنے

جاتے اور کبھی خالی ہاتھ نہ جاتے۔ کبھی کسی رشتہ دار کی طرف سے زیادتی ہوتی تو کبھی ناراضگی کا اظہار نہ کرتے۔ بلکہ ایسا رویہ ہوتا کہ کچھ ہوا ہی نہیں ایسی بشاشت اور خوش دلی کا مظاہرہ ہوتا کہ ہم حیران رہ جاتے۔ اس قدر بلند حوصلہ اور قوت برداشت تھی جو بہت کم دیکھنے کو ملتی ہے۔ ہر ملنے جلنے والے کو خود فون کرتے حال احوال پوچھتے اور ہمیں بھی اس کی تلقین کرتے۔

دوستوں کے ساتھ انتہائی محبت اور خلوص کا تعلق تھا۔ خط و کتابت کے علاوہ جب بھی موقع ملتا گھروں میں ملنے جاتے۔ پرانے دوستوں سے تو مثالی محبت تھی۔ مکرم چودھری ظہور احمد صاحب باجوہ، مکرم نذیر بھٹی صاحب، کرنل شریف صاحب، عبدالمنان ناہید صاحب اور عطاء اللہ کھوکھر صاحب قابل ذکر ہیں۔ ان سب کا اکثر ذکر کرتے اور پرانی یادوں سے محظوظ ہوتے۔ غیر ملکی دوستوں سے بھی آخری وقت تک رابطہ رہا۔

ابا جان بہت دعا گو تھے۔ سب رشتہ دار دوست احباب انہیں خاص طور پر دعا کے لئے کہتے۔ دعا کروانے والا بھول جاتا لیکن ابا جان تہجد میں باقاعدہ ان کے لئے دعا جاری رکھتے۔ کسی کی تکلیف دیکھتے تو بے چین ہو جاتے اور جب تک اس کی تکلیف دور نہ ہوتی مسلسل دعا کرتے۔ اپنی اولاد اور تمام رشتہ داروں اور ان کی اولاد کے لئے خود ہی دعائیں کرتے۔

غرباء کا بہت خیال رکھتے۔ ان کی ضرورت پر نظر رکھتے اور کسی موقع پر وہ ضرورت پوری کر دیتے۔ عید کے موقع پر غرباء کے گھروں میں جاتے اور تحائف اور عیدی دیتے۔ ہر سال اپنے کپڑے جو چند مرتبہ استعمال ہوئے ہوتے غرباء کو دے دیتے اور خود بھی گنتی کے کپڑے اپنے لئے بنواتے۔

ہمسایوں سے میل ملاقات رکھتے۔ خاص طور پر عید کے روز نماز کے فوراً بعد تمام ہمسایوں کے گھروں میں عید مبارک کہنے جاتے۔ ہر رمضان میں سب ہمسایوں کو افطاری بھجوانے کے لئے کہتے۔

جماعت کے ساتھ گہری وابستگی اور سلسلہ کے کاموں میں پیش پیش رہتے۔ کویت میں چالیس سال تک سیکرٹری مال کے فرائض سرانجام دیئے۔ لاہور آنے کے بعد حلقہ جنوبی چھاؤنی کے گیسٹ ہاؤس کا تمام حساب کتاب ایک عرصہ تک سنبھالا۔

1966ء میں وصیت کی اور تمام ادائیگی مکمل کر کے سرٹیفکیٹ اپنی زندگی میں ہی حاصل کر لیا تھا۔ خلفائے وقت کی ہر تحریک میں حصہ لیتے اور مالی قربانیوں میں پیش پیش رہتے۔

ابا جان بہت مہمان نواز اور خاطر مدارات کرنے والے تھے۔ گھر میں کوئی مہمان آتا چاہے کسی بھی حیثیت کا ہوتا، آگے بڑھ کر گلے لگاتے، حال احوال پوچھتے اور صحت و سلامتی کی دعا دیتے۔ مہمانوں کی تواضع کے لئے خود اٹھ کر اشیاء خورونوش لاتے اور پیش کرتے۔ غرباء کی بھی اسی انداز سے تواضع کرتے۔ جب تک مہمان بیٹھتے ان کے ساتھ بیٹھے رہتے چاہے ان کی باتیں سمجھ میں آئیں یا نہ آئیں۔ دونوں کانوں کی سماعت سے محروم تھے۔ ایک کان میں آلۂ سماعت استعمال کرتے تھے۔ جو آخری وقت میں زیادہ فائدہ نہ دیتا تھا۔ اس کے باوجود مہمان کے ساتھ بیٹھے رہتے۔

امانت اور دیانت کا یہ عالم تھا کہ غیر ملکی کاروباری کمپنی میں ملازمت کے دوران کمپنی کا سارا حساب ان کے ہاتھ میں تھا۔ کمپنی کے مالک کا ابا جان پر اس قدر اعتماد تھا کہ لاکھوں ڈالر کا کام ابا جان کے حوالے کر دیتے تھے۔

اپنے بچوں کے علاوہ ملک سے باہر رہائش پذیر رشتہ داروں کے بنکوں کے حساب کتاب بھی سنبھالے ہوئے تھے۔ ہر ایک کی فائل مکمل ہوتی سب نے پورے اعتماد کے ساتھ اپنی دستخط شدہ چیک بکس ان کے حوالے کی ہوتی تھیں۔ ایک ایک پیسے کا حساب خود بھی رکھتے اور متعلقہ افراد کو اس کی کاپی بھجوا دیتے۔

انتظامی صلاحیت بھی بھرپور تھی۔ غیر ملکی کمپنیوں میں کام کرتے ہوئے یہ صلاحیت اور بھی نکھر گئی۔ ہر چیز اپنی جگہ اور ترتیب سے ہوتی۔ ہر فائل مکمل اور واضح ہوتی۔ ابا جان کے دیانت کے معیار اور انتظامی صلاحیت کے معیار سے غیر ملکی تجارتی کمپنیوں کے مالک بہت متاثر تھے۔ اور ان کا تعلق دوستی کا ہو گیا جو آخری وقت تک قائم رہا۔

اپنا کام خود کرنے کے عادی تھے۔ پہلے تو ملازمت کے دوران لمبا عرصہ اکیلے رہے اور تمام کام خود کرتے تھے۔ ریٹائرمنٹ کے بعد بھی اسی عادت کو اپنائے رکھا۔ کبھی ملازمین یا بچوں سے کسی کام کے لئے نہیں کہا۔ آخری وقت تک اپنے کام خود کرتے رہے۔

گیارہ سال پہلے میری والدہ کی وفات ہوئی تھی۔ ابا جان نے بڑے صبر اور حوصلہ سے اس صدمہ کو برداشت کیا اور بچوں کو بھی صبر کی تلقین کی۔

ابا جان کی قوت برداشت بلند ترین سطح پر تھی۔ اپنی کسی تکلیف یا بیماری کا احساس دوسروں کو نہ ہونے دیتے۔ 1997ء میں دل کا بائی پاس ہوا لیکن کسی قسم کی تکلیف یا پریشانی کا اظہار نہ کیا۔ اپنی صحت کا خیال رکھتے تھے۔ شہد اور پھلوں کا جوس ہمیشہ استعمال کرتے لیکن ذیابیطس ہو جانے کے بعد سختی سے پرہیز کی اور ڈاکٹرز کی ہدایات پر عمل کرتے رہے۔

شگفتہ مزاجی اور مزاح، ابا جان کی شخصیت کا اہم پہلو تھے۔ ہر بات بڑی شگفتگی سے کرتے۔ اپنی پُر مزاح طبیعت سے محفلوں میں جان ڈال دیتے۔ موقع کی مناسبت سے کوئی نہ کوئی لطیفہ ضرور سناتے۔

ادب اور شاعری سے بھی لگاؤ تھا۔ خود بھی شعر کہتے تھے اور دوسروں سے بھی سن کر محظوظ ہوتے۔ محترم عبدالمنان ناہید صاحب سے آخری دنوں تک دوستانہ تعلق رہا اور ان کا شعری مجموعہ چند روز پہلے ہی ختم کیا تھا۔

میرے پیارے ابا جان محبت، خلوص، وفا، دعا اور عجز و انکساری کا مجموعہ تھے۔ ہمیشہ خدا تعالیٰ سے انجام بخیر کی دعا مانگتے۔ اللہ تعالیٰ کا بڑا احسان ہے کہ اس نے ابا جان کا انجام بخیر کیا۔ آمین

قارئین کرام سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ میرے ابا جان اور امی جان کو اپنے جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔ ہمیں ان کی نیک صفات کو اپنانے کی توفیق عطا فرمائے اور والدین کی کمی کو صبر سے برداشت کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

مکرم رانا سعید احمد خان صاحب

آکسیجن Oxygenium بطور دوا

آکسیجن کو ڈاکٹر سوان نے ہومیوپیتھک دواؤں میں شامل کیا تھا اور ان گنت فائدے حاصل کئے اس دوا کو سب سے پہلے ہم نے ایک ایسی مریضہ پر آزمایا جس کو ڈاکٹروں نے جواب دے دیا تھا اور وہ ہر وقت سلنڈر کے ساتھ زندہ تھیں۔ جب سے انہوں نے Oxygenium=30 دن میں 3 بار لینا شروع کیا تو ان کی کایا ہی پلٹ گئی، خدا تعالیٰ نے فضل فرمایا۔ اڑھائی سال ہو چکے ہیں وہ آکسیجن لے رہی ہیں اور خوش باش زندگی گزار رہی ہیں۔

ڈاکٹر کلارک اس کے تجربات کرنے کے بعد کہتے ہیں ”میں نے بذات خود اس کا استعمال کیا۔ زکام کی تمام علامتیں اس سے پیدا ہو گئیں، میں نے اس دوا کے لوشن کو بطور اینٹی سپٹک (زہر مارنے والے لوشن) کے مفید پایا۔ نیز سردی میں گھومنے کے بعد اگر حلق میں درد پیدا ہو جائے یا آواز بیٹھ جائے تو اس دوا کی کُلی کرنے سے حلق کی خراش اور آواز درست ہو جاتی ہے اور زکام یا سردی کا کوئی اثر سینہ کی طرف نہیں بڑھتا“ اس کے موجد کا دعویٰ ہے کہ آکلہ اور سرطان میں اس دوا کا اثر مخصوص ہے۔

☆ حنجرہ کے اوپر خشکی سے کھانسی اور حلق میں مسلسل سرسراہٹ ہو اور سخت ہلا دینے والی کھانسی، جس سے معدہ میں پھوڑے کا سا درد ہوتا ہو، کھانسی کے ساتھ بلغم گاڑھا بدمزہ آتا ہو تو Oxygenium = 1000 لینے سے شفاء ہو سکتی ہے۔

☆ ایک مریض کے پیشاب میں بہت زیادہ یورک ایسڈ آتا تھا، آکسیجن CM کی خوراک نے شکایت رفع کر دی۔

☆ کھانسی ہلکی، سرسراہٹ کھانسنے سے، سینہ میں پھوڑے کا سا درد، پچھلی رات کھانسی بڑھے، چت لیٹنے سے کھانسی میں آرام ہوتا ہو تو آکسیجن CM کی طاقت میں مجرب ہے۔

☆ ایک مریض کے منہ میں آکلہ تھا۔ اندرونی طور پر آکسیجن 10M میں ایک خوراک دی اور خارجی طور پر آکسیجن ایک بڑا چمچہ اور پانی کے 6 چمچ دن میں دو بار کُلّی کرنے کے لئے کہا۔ اس علاج سے اللہ کے فضل سے مریض صحت یاب ہو گیا۔ خاکسار نے بڑوں اور بچوں پر آکسیجن کی مختلف طاقتوں میں بیشمار تجربات کئے ہیں۔ دمہ کی تکلیف میں دیگر ادویات کے ساتھ آکسیجن 30 یا 200 میں دلوائی۔ اللہ تعالیٰ کے فضل اور خلافت کی دعاؤں کی برکت سے سب بچوں نے Pump لینا چھوڑ دیا اور خدا کے فضل و کرم سے سب شفاء پا گئے۔ اگر آپ کا سانس پھولتا ہو، چلنا دُوبھر ہو، اُچھو سا لگتا ہو تو آکسیجن 200 روزانہ ایک بار لیں، خاکسار نے مختلف دواؤں کے ساتھ اس کو دیا ہے، آکسیجن کسی بھی دوائی میں خلل نہیں ڈالتی۔ اگر آپ لمبی سیر کرنے جا رہے ہوں تو ایک خوراک آکسیجن 200 میں لے لیں اور آپ اپنے آپ کو ہلکا پھلکا محسوس کریں گے اور رتی بھر بھی تھکاوٹ کا احساس نہ ہو گا۔

☆ سوزاک کی بیماری میں بھی یہ فائدہ مند ہو سکتی ہے۔ آکسیجن کو دل کے لیے بھی بہت ہی مفید پایا ہے۔ آکسیجن 30 یا 200 کی طاقت میں حسب ضرورت بار بار بھی لی جا سکتی ہے، اس کا کوئی نقصان نہیں دیکھا گیا بلکہ فائدہ دیتی ہے۔ کبھی کبھی آکسیجن لینے سے شروع میں کھانسی بڑھتی ہے لیکن بہت کم ایسا ہوتا ہے مگر بار بار لینے سے آرام آ جاتا ہے۔ مزید معلومات کے لئے درج ذیل ویب سائٹ پر وزٹ کیجئے۔

www.howashafi.co.uk

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر 109148 میں امتہ الہادی باجوہ

بنت چوہدری غلام باری باجوہ قوم باجوہ پیشہ خانہ داری عمر 45 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن 24/2 دار برکات ربوہ ضلع چنیوٹ پاکستان بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 09-08-11 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) جیولری گولڈ 8 تولہ 6.5 رتی مالیت -/3,17,100 روپے (2) جیولری چاندی 6 تولہ مالیت -/4500 روپے اس وقت مجھے مبلغ -/500 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتی رہوں گی اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے الامتہ۔ امتہ الہادی باجوہ گواہ شد نمبر 1 عبدالقادر باجوہ ولد چوہدری غلام باری باجوہ گواہ شد نمبر 2 محمود احمد باجوہ ولد چوہدری سلطان علی باجوہ

مسل نمبر 109149 میں عدیلہ کرن

بنت احمد دین قوم راجپوت پیشہ طالبعلم عمر 20 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن B-10 بیوت الحمد ربوہ ضلع چنیوٹ پاکستان بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 04-12-11 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/300 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ عدیلہ کرن گواہ شد نمبر 1 لقمان احمد ولد احمد دین گواہ شد نمبر 2 عرفان احمد ولد احمد دین

مسل نمبر 109150 میں غزالہ وسیم

زوجہ وسیم احمد قوم آرائیں پیشہ خانہ داری عمر 42 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن 20/12 دارالنصر غربی اقبال ربوہ ضلع چنیوٹ پاکستان بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 05-01-12 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) جیولری گولڈ 160.730 گرام مالیت -/688,406 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/2000 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے الامتہ۔ غزالہ وسیم گواہ شد نمبر 1 محمد شریف ننگلی ولد چوہدری محمد ابراہیم گواہ شد نمبر 2 انیس احمد ولد محمد شریف

مسل نمبر 109151 میں جمیلہ پروین

زوجہ چوہدری مبارک احمد قوم جٹ پیشہ خانہ داری عمر 61 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن Hamburg Germany بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 10-04-11 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) جیولری گولڈ 15 تولہ مالیت -/6150 یورو۔ اس وقت مجھے مبلغ -/250 یورو ماہوار بصورت سوشل امداد مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ جمیلہ پروین گواہ شد نمبر 1 Ch.Mubarak Ahmad گواہ شد نمبر 2 Tahir Ahmad Mubarak

مسل نمبر 109152 میں

Sajida Mansoor Butt

زوجہ Mansoor Ahmad Butt قوم بٹ پیشہ خانہ داری عمر 35 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن Hamburg Germany بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 10-04-11 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) حق مہر مالیت -/50,000 یورو (2) جیولری گولڈ 38 تولہ مالیت -/6720 یورو۔ اس وقت مجھے مبلغ -/100 یورو ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے الامتہ۔ Sajida Mansoor Butt گواہ شد نمبر 1 Haroon Ata گواہ شد نمبر 2 Fesan A Khalid

مسل نمبر 109153 میں

Shaheen Akhtar Mahmood

زوجہ Tairq Mahmood Tariq قوم ...... پیشہ خانہ داری عمر 50 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن Neu Wulmstore Germany بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 02-03-11 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) سیونگ سرٹیفکیٹ -/1500,000 روپے (2) جیولری گولڈ 7 تولے مالیت -/3080 یورو (3) حق مہر -/20000 روپے (4) زرعی زمین 4 کنال مشترکہ۔ اس وقت مجھے مبلغ -/200 یورو ماہوار بصورت سوشل امداد مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ 02-03-11 سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد Shaheen Akhtar Mahmood گواہ شد نمبر 1 Tariq Mahmood Tariq گواہ شد نمبر 2 Adnan Mahmood

مسل نمبر 109154 میں

HumeraMuzaffar

زوجہ Zafar Ahmad Khokhar قوم ملک پیشہ خانہ داری عمر 29 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن F.F.M Germany بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 29-05-07 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ (1) جیولری گولڈ 15 تولہ مالیت -/2100 یورو (2) حق مہر -/100000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/80 یورو ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ 01-07-10 سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ Humera Muzaffar گواہ شد نمبر 1 Zafar Ahmad Khokhar گواہ شد نمبر 2 Ikram Ullah Cheema

مسل نمبر 109155 میں

Muhammad Rafiq

